نہ لاؤ کبھی یاس کی گفتگو — کہ قرآن میں آیا ہے لاتقنطوا

THE MESSENGER

پندرہ روزہ اخبار

پیغامبر

مدیر سہیل انجم

اسکاربرو کینیڈا

جلد نمبر ۱ — جمعہ ۱۴ اپریل ۱۹۷۸ء، ۵ جمادی الاول ۱۳۹۸ھ — شمارہ ۴

بھٹو کو پھانسی پر لٹکایا جائے گا

میں فیصلہ نہیں بدل سکتا۔ جنرل ضیاء

میری حکومت عدلیہ پر اثر انداز نہیں ہوئی اور نہ ہوگی



کراچی — (ریڈیو رپورٹ بحوالہ اے پی) پاکستان کے ناظم اعلیٰ مارشل لاء جنرل ضیاء الحق نے کہا ہے کہ ان کی حکومت سابق وزیر اعظم مسٹر بھٹو کو لاہور ہائی کورٹ کی طرف سے سنائی جانے والی سزائے موت میں کوئی مداخلت نہیں کر سکتی [illegible] ان سے پوچھا گیا کہ مسٹر بھٹو کو پھانسی پر لٹکا دیا جائے گا تو جنرل ضیاء نے جواب دیا کہ کوئی شخص قانون سے بالاتر نہیں ہے [illegible]

[illegible]

قومی حکومت اور جنرل ضیاء

[illegible]

دہلی میں آندھی

بارہ افراد ہلاک

[illegible]

کیمیکل کی منتقلی

کو ٹونٹو کا ہے

[illegible]

حادثہ

[illegible]

ممتاز شخصیتوں کی ٹیلیفون کی نگرانی

[illegible]

ہم بلند بانگ دعووں کے
قائل نہیں لیکن اپنے ہموطنوں کی صحیح
راہنمائی کرنے میں یقیناً فخر محسوس
کرتے ہیں یہی وجہ ہے کہ کینیڈا کے ہر
چھوٹے بڑے شہر میں مقیم ہزاروں
پاکستانی ہمارے مستقل سرپرست
ہیں۔

ٹریولنگ ہو یا پرسنل ایکسپورٹ
اسکیم یا شپ منٹ ہم مکمل
ایمانداری اور دیانتداری کے ساتھ
آپ کی خدمت میں مصروف
ہیں ...... آپ کا اطمینان
ہمارا مقصد اولین ہے۔

ریفریجریٹر ہو یا رنگین ٹی وی
سلائی کی مشین ہو یا سٹار یا
ٹریکٹر ...... خواہ آپ بھیجنا
لے جانا چاہتے ہوں، ہم سے
رجوع کریں۔ یقیناً آپ
ہمیں خیرخواہ پائیں گے

ہوائی جہاز کے سستے ٹکٹوں
کے لئے ہم سے رابطہ قائم کریں

CAPITOL TRAVEL

THE LARGEST PAKISTANI TRAVEL AGENCY

AND

CAPITOL TRADERS

THE LARGEST AND OLDEST PERSONAL EXPORTERS

FOR BEST SERVICE, CHEAPEST FARES, AND
A FREE COPY OF OUR PERSONAL EXPORT CATALOGUE
OF ELECTRICAL APPLIANCES, CARS, TRACTORS, ETC.
PLEASE CALL OUR OFFICE TODAY.

741 Broadview Ave., Suite 306
Toronto, Ont. M4K 3Y3
Tel. 465-5411

IATA

ONTARIO TRAVEL INDUSTRY CONFERENCE

WINDSOR: (519) 256-0654
PHILADELPHIA: (215) 546-7670
DETROIT: (313) 963-3965
COLUMBUS (Ohio): (614) 268-9755
KARACHI: 61 44 68

راولپنڈی میں گاڑیوں پر پتھراؤ، سندھ میں ایک اور ریلوے اسٹیشن تباہ

مختلف شہروں میں مظاہرے کئے گئے۔ توڑ پھوڑ کی وارداتیں۔ متعدد افراد گرفتار کر لئے گئے



لاہور میں ایک مظاہرے کے دوران پولیس والے ایک لڑکے کو گرفتار کر رہے ہیں۔

راولپنڈی ——— راولپنڈی میں ایک ہجوم نے آج جلوس نکالنے کی کوشش کی۔ یہ ہجوم سرکلر روڈ پر جمع ہو گیا اور اس نے سڑک پر سے گزرنے والی گاڑیوں پر پتھراؤ کیا۔ [illegible]

ٹنڈو الہیار

[illegible]

سندھ کے دوسرے علاقے

[illegible]

پاکستانی سفارتخانہ میں بم کی جھوٹی اطلاع

نیویارک ——— [illegible]

قادر

[illegible]

حکومت پاکستان نے بیگم بھٹو کے الزامات کی تردید کر دی

میرے شوہر کو ۲۴ گھنٹے کے اندر ہلاک کرنے کی سازش کی جا رہی ہے۔ بیگم بھٹو کا دعویٰ

[illegible]

بیگم نصرت بھٹو کا بیان

لاہور ——— [illegible]

بھٹو کے لئے والڈ ہائم کی اپیل

اقوام متحدہ ——— [illegible]

THE MESSENGER

پیغامبر

اسکاربرو (کینیڈا)

مدیرہ: شہلا اختر

غیر ممالک میں نمائندے:

○ پاکستان:

پروفیسر محمد حنیف ...... (کراچی)

بیگم ممتاز آغا ...... (لاہور)

آنسہ نگہت شیخ ...... (اسلام آباد)

تنویر اختر ...... (حیدرآباد)

○ ہندوستان:

جمال الدین ...... (دہلی)

سر بخش گلزار ...... (بمبئی)

محمد قیوم ...... (پٹنہ، بہار)

○ امریکہ:

بیگم محسنہ جمیل ...... (شکاگو)

شاہد خان ...... (نیویارک)

○ سری لنکا:

آنسہ رانی ...... (کولمبو)

○ برطانیہ:

عابدہ خان ...... (لندن)

پاکستان اور کویت

پاکستان اور کویت نے گزشتہ دنوں ایک معاہدے پر دستخط کئے ہیں جس کی رو سے دونوں ممالک ۲۵ کروڑ روپے کے سرمایہ سے ایک مشترکہ کمپنی قائم کریں گے جو مشترکہ منصوبوں میں سرمایہ لگائے گی۔ اس سلسلے میں سب سے زیادہ قابل ذکر بات یہ ہے کہ کویت اس کمپنی میں نصف سرمایہ لگائے گا جو قابل انتقال کرنسیوں میں ہوگا جبکہ پاکستان اپنے حصے کا سرمایہ پاکستانی روپیہ میں ادا کرے گا۔ [illegible]



یوپی اسمبلی میں سنگین فساد، بہت سے ارکان شدید زخمی

جنرل ضیاء الحق نے پارلیمنٹ کو خود مختار بنانے کا مطالبہ مسترد کر دیا

عطاء الرحمان کو وزیر اعظم بنانے کی افواہ، پہلی بار صدر کا انتخاب براہ راست عوام کریں گے

کراچی — (ریڈیو رپورٹ) بنگلہ دیش کے صدر جنرل ضیاء الرحمن نے ایک سیاسی محاذ بنانے کے لیے ڈھاکہ میں سیاسی لیڈروں سے بات چیت شروع کر دی ہے …

سلامتی کونسل کا اجلاس طلب کر لیا گیا

اقوام متحدہ — ورلڈ لبنان اور اسرائیل نے آج سلامتی کونسل کا اجلاس بلانے سے متعلق علیحدہ علیحدہ درخواست کی ہے تاکہ کونسل اس علاقے کی تازہ ترین صورت حال پر غور کر سکے۔

راولپنڈی اور پشاور کے درمیان ٹرین سروس معطل

پشاور — (اے پی پی) گزشتہ روز کی شدید بارش کے سبب پشاور اور راولپنڈی کے درمیان ریل گاڑیوں کی آمد و رفت آج دوسرے روز بھی معطل رہی …

شاہ بانو کے لیے تمغہ …

تہران — (اے پی پارس) …



… خوشیاں لائے گا۔

کراچی سے بھاگے ہوئے چار لڑکے کوئٹہ پہنچ گئے

کوئٹہ — قائد آباد پولیس نے گھروں سے بھاگے ہوئے چار لڑکوں کو تحویل میں لے لیا ہے۔ ان لڑکوں نے بتایا ہے کہ وہ … بغیر اجازت یہاں آئے ہیں۔ ان لڑکوں کے نام الیعام، قطب الدین، حماد احمد اور اعجاز حسین ہیں۔ مقامی پولیس نے کراچی پولیس سے رابطہ قائم کر لیا ہے۔

ڈاکٹر مبشر حسن کو گرفتار کر لیا گیا

لاہور — پاکستان پیپلز پارٹی کے سابق سیکرٹری جنرل ڈاکٹر مبشر حسن کو آج مجسٹریٹ … گاہ سے گرفتار کر کے کوٹ لکھپت جیل بھیج دیا گیا۔

بھٹو کے لیے پناہ حاصل کرنے کی پیشکش

لندن — (ریڈیو رپورٹ) …

بھارتی فوج کے نئے سربراہ کا تقرر

نئی دہلی — (اے پی) لیفٹیننٹ جنرل او پی ملہوترہ کو بھارتی فوج کا چیف آف سٹاف بنایا جا رہا ہے۔ وہ جنرل رینا کی جگہ لیں گے …

شہزادہ سلطان بن عبدالعزیز کی آمد

… کراچی — …

مخالفانہ نعرے سن کر صوبائی گورنر ایوان سے واپس چلا گیا

کونسل ہاؤس کے سامنے مظاہرہ کرنے پر سنگین نتائج، ممتاز بھٹو اور چار سو کارکن گرفتار

کراچی — (ریڈیو رپورٹ) آج صوبائی اسمبلی میں اس وقت زبردست ہنگامہ ہوا جب گورنر ایوان سے خطاب کرنے کے لیے …

ڈیڑھ ارب روپے کا تیل دریافت کیا جا چکا

کراچی — (اے پی) حکومت رواں مالی سال کے دوران …

بھٹو کی پھانسی کے خلاف احتجاجات ایڈیٹوریل ظاہر

سزائے موت کو منسوخ کیا جائے۔ جام صادق اور مالک گنج کے دکانداروں کی اپیل

کراچی — (ریڈیو رپورٹ) …

نائیجیریا میں پر شہر ایک نئے تباہی مچادی، تیس افراد ہلاک، بیسیوں شدید زخمی

۱۰ منٹ کے اندر زلزلے آنے والا پورا علاقہ تہہ و بالا ہو گیا، امدادی کام جاری ہے!!

قومی اتحاد کا وفد آج انتخابی سیل سے ملاقات کرے گا

راولپنڈی — …

معاہدات کراچی پی ٹی کانفرنس

راولپنڈی — …

۲۲ افراد کو قید اور کوڑے مارنے کی سزا

کراچی — (اے پی پی) سمری فوجی عدالت نے …

لبنان کی جنگ میں پاکستانی گرفتار


نیویارک — (اے پی پی) امریکی پریس کے …

نور خان نے ایک لرزہ خیز سازش کا انکشاف کیا

ہوائی اڈوں پر سخت حفاظتی انتظامات، طیارہ کو اغوا کرنے کا پلان …

فکر و فن

نمبر ۴



یہ آپ کی ذہنی آزمائش ہے جتنے سوالوں کے جواب آپ صحیح بتائیں گے۔ ان ہی ماہ کیلئے ہم پیغامبر آپ کو مفت ارسال کرینگے۔ اپنے جوابات ہمیں اس طرح ارسال کریں کہ ہر اپریل تک مل جائیں۔ صحیح حل کا اعلان ۷ اپریل کے شمارہ میں ملاحظہ فرمائیے۔

نوٹ :- فکر و فن میں حصہ لینے کیلئے پیغامبر کا سالانہ فرجا چندہ فرمایا ہے۔ صحیح جواب بتانے کی صورت میں آپ کی ممبرشپ میں توسیع ہوتی رہیگی۔

۱:- حضور اکرم ؐ کے ان صاحبزادے کا نام بتائیے جن کی وفات پانے کے سلسلہ میں سورۃ کوثر نازل ہوئی ؟

۲:- آنحضرت کی نانی کا نام بتائیے ؟ ۳:- بتائیے حکیم لقمان اور حضرت داؤدؑ میں کیا رشتہ تھا ؟

۴:- جنت الفردوس میں سب سے پہلے کونسی غذا کھانے کو ملیگی ؟

۵:- سب سے طاقتور زہر کا نام بتائیے ؟

۶:- بتائیے عرب لوگ اپنے سر پر جو رومال پہنتے ہیں، اسے کیا کہا جاتا ہے ؟

۷:- برصغیر کے کس مشہور ادیب نے زمانہ طالب علمی میں ماچس چرانے والوں کی انجمن قائم کی تھی جسکے وہ صدر بھی تھے ؟

۸:- پہچان پر ہے ناز تو پہچان جائیے۔ دوسرا مصرع بتائیے ؟

۹:- "جب گناہ کا ارادہ کرو تو خدا کی بادشاہت سے باہر نکل جاؤ" کس کا قول ہے ؟

۱۰:- DAVIL'S BOOK کے مصنف کا نام بتائیے ؟

فکر و فن مقابلہ نمبر ۳ کے جوابات

۱:- چار ۲:- حضرت سلیمانؑ حضرت داؤدؑ کے بیٹے تھے۔ ۳:- سندھی زبان میں۔ ۴:- قمر ۵:- جبرال ۶:- پہاڑ ... ۷:- تاج محل ... ۸:- ... ۹:- ... ۱۰:- ... شہر کے پیچھے جو پہاڑیاں ہیں ان کا نام ماؤنٹ رائل (MOUNT ROYAL) ہے۔

فکر و فن میں حصہ لینے والے

موصول شدہ حلوں کی کل تعداد ۱۲۱ تھی۔ جن میں سے صحیح حل کسی کا نہیں تھا۔ پیغامبر کے علاوہ ... ایک غلطی کا حل کسی کا موصول نہیں ہوا۔ دو غلطی والے ۳ حل، تین غلطی کے ۱۶ حل ... غلطی کے ۱۸ حل، ۵ غلطی کے ۲۳ حل، ۶ غلطی کے ۱۰ حل، ۷ غلطی کے ۵ حل، ۸ غلطی کے پچاس اور ۹ غلطی کے ۵۲ حل موصول ہوئے۔

ترانے

اے میرے خدا ! ... مجھے اپنے نام ... کو پہچان لینے اور اس دنیا کو اپنے قدموں میں جھو لینے دے۔

... کے مینہ برسے بادل کی طرح جو اپنی ... کو بوجھ سے اس قدر نیچے جھکا آئے ہوں مجھے اجازت دے ... میں اپنے دل کو تیرے دروازے پر سربسجود کردوں۔

میرے تمام گیتوں کو مختلف ... ایک ہی دھن میں ... کر کے ... میں یہ گیت رواں دواں ہو کر خاموشی کے سمندر میں داخل ہو جائیں۔

جس طرح ... اپنے گھروں میں رہنے والے ... دن رات اپنے پہاڑی جزیروں کی طرف اڑتی ہوئی چلی جاتی ہیں، اسی طرح میرے ... وطن کی جانب میری زندگی کا سفر ... ایک ... سے ... نے ... جائے گا۔

(رابندر ناتھ ٹیگور۔ گیتانجلی)

آجکل تعلیم نسواں کا رجحان بڑا زور دکھا رہا ہے۔ بیشتر گریجویٹ ہوجاتی ہیں اور بعض ... ملوں میں مزدوری کرتی ہیں گودیوں میں سامان ڈھوتی ہیں۔ اور بعض جو گریجویٹ ہو ... کھلے کچھ نہیں سکتی ہیں اور نہ ہی اپنے سے اونچے طبقے میں ...

اپنے طبقے کے مردوں سے منسوب ہوتی ہیں اور ... طبقے میں ... والوں کی اولادیں بھی جلتا ہیں۔ ... اپنی ... کا امکان تو ... سکتی ہیں ... انہیں کوئی مستقل طور پر اپنانے کے لئے تیار نہیں ہوتا۔ پھر بتاؤ اس صورت میں کیا ہوگا .... اس طرح کیا ہمارا معاشرہ متوازن رہ سکے گا ؟

(...)

ادب برائے ادب ہو یا ادب برائے زندگی غالباً یہ ماننے میں کسی کو تامل نہ ہوگا کہ ہر صورت میں ادب حیات سے متعلق بلکہ اس کا ترجمان ہے۔ ادب کا وہ دور قدیم جو ادب برائے ادب ... کہا جاتا ہے اس میں بھی اس عہد کی تہذیب اس کی معاشرت کی ... اور زندگی کی قدریں صاف موجود ہیں۔ مثال کے طور ... کلام ... اور ... ادب برائے زندگی کا تصور ایک تحریک ... اعتدال ... ادب بھی ادب ہماری ... ہماری سچی احساسات اور تعلقات کا آئینہ ہے۔ زندگی ہمیشہ زندگی رہی ہے وقت ... اس کی قدریں بدلتی رہی ہیں اسی طرح ادب کے بھی موضوعات اور سانچے ہیں۔ زندگی کی طرح ادب بھی جامد اور ... پیدا ہوتا ہے ماحول سے متاثر ہوتا ہے بڑھتا اور حالات سازگار نہ ہوں تو مر بھی سکتا ہے۔ اپنی زندگی کی ... میں اس کی وضع قطع تراش خراش ... ہوتی ہے۔ یہی ادب کی ... ہے۔

(ڈاکٹر ابواللیث صدیقی۔ نگار جدید شعر ...)

مرسلہ :- تنویر اختر

نمائندہ پیغامبر برائے حیدرآباد سندھ پاکستان

(ادارہ پیغامبر تنویر اختر کے قلمی تعاون کا شکر گزار ہے)

مجھے اردو میں کوئی رائٹر قابل نہیں ملتا

پڑھوں انگلش تو اس سے بھی سکون دل نہیں ملتا

نہ اردو ہے زباں میری، نہ انگلش ہے زباں میری

زباں مادری کچھ بھی نہیں گونگی ہے ماں میری

دلاور فگار

فلمی خبرنامہ

مہدی حسن بھارت کے دورے سے واپس آرہے ہیں

پاکستان کے مایہ ناز گلوکار مہدی حسن جو ان دنوں بھارت کے دورے پر ہیں انہوں نے روزنامہ مشرق کے نام ایک اور خط ارسال کیا ہے جو مشرق کی [illegible] کی اشاعت میں شائع ہوا ہے۔ اس خط میں انہوں نے ایک بار پھر اس عزم کو دہرایا ہے کہ وہ جلد واپس آرہے ہیں۔ بعض اخبارات میں غلط باتیں پھیلا رہے ہیں۔ ان کا حب الوطنی پر شک کرنے والے ان کی ذات کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ جب کہ ایسا کرنے والے پاکستان کے وقار کو بھی ٹھیس پہنچا رہے ہیں۔ انہوں نے چند روز قبل ایسی افواہوں (بھارت میں مستقل سکونت اختیار کرنے) کی تردید کرتے ہوئے لکھا ہے۔

میں اس سرزمین (پاکستان) کو کیسے نظر انداز کر سکتا ہوں جس نے میرے فن کو جلا بخشی ہے۔ مہدی حسن نے یہ بھی تحریر کیا ہے: بھارت میں میری مقبولیت دراصل پاکستانی ثقافت کی مقبولیت ہے۔ واضح رہے کہ مہدی حسن ماہ رواں میں واپس پاکستان پہنچ رہے ہیں یہ بات انہوں نے اپنے خط میں تحریر کی ہے۔ اس خط میں انہوں نے بھارت میں قیام کے دوران بھارت میں پاکستان کے قائم مقام سفیر شاہ [illegible] کے تعاون کا شکریہ ادا کیا ہے۔

فلم ریلیز کمیٹی کا وجود خطرے میں پڑ گیا

فلم ریلیز کمیٹی کا ایک ہنگامی اجلاس گزشتہ مہینے منعقد ہوا۔ اس کی صدارت چوہدری عید محمد نے کی۔ اس اجلاس میں ساٹھ کے قریب نمائش کاروں، فلم سازوں اور تقسیم کاروں نے شرکت کی۔ یہ اجلاس پاکستان فلم پروڈیوسرز ایسوسی ایشن کراچی کا فلم ریلیز کمیٹی سے علیحدگی کے فیصلے پر غور کرنے کے لیے طلب کیا گیا تھا۔ کراچی کے نمائش کاروں کی انجمن نے جو زیرو ریزولیوشن پیش کیا ہے اس میں کہا گیا ہے کہ فلم ریلیز کمیٹی کے قیام کے وقت جس بات کی یقین دہانی کرائی گئی تھی اس پر عمل نہیں ہو سکا بلکہ اس کمیٹی کے قیام کے مختصر عرصہ میں یہ محسوس کیا گیا ہے کہ اس کمیٹی کے ذریعے نئی فلموں کی سپلائی اور ان کی نمائش کو چند لوگوں کے مفاد کے لیے مخصوص کر دیا گیا ہے جس سے نمائش کاروں کا اعتماد خطرے میں پڑ گیا ہے۔

اس اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ کراچی کے نمائش کاروں کے زیرو ریزولیشن پر کسی قسم کا تبصرہ کرنے سے پہلے بہتر ہے کہ ان کی تمام غلط فہمیوں کو دور کرنے کے لیے جس کی وجہ سے کراچی کے نمائش کاروں کی انجمن نے فلم ریلیز کمیٹی سے علیحدگی کا یک طرفہ فیصلہ کیا۔ تینوں انجمنوں کے نمائندے خیر سگالی کے طور پر کراچی جائیں۔

اس تجویز پر فوری عمل کیا گیا ہے۔ نمائندے اس وقت کراچی میں گفت و شنید کر رہے ہیں اور فلمی حلقوں میں اس خدشے کا اظہار کیا جا رہا ہے کہ اگر کراچی کے نمائش کاروں نے اپنے فیصلے پر نظر ثانی نہ کی تو اس طرح فلم ریلیز کمیٹی کا وجود خطرے میں پڑ جائے گا۔

اجلاس میں کراچی کے فلم ساز و تقسیم کار جناب [illegible] نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کراچی کے نمائش کاروں کے اس فیصلے کو یک طرفہ قرار دیا جب کہ اجلاس کے شرکاء کی اکثریت نے فلم کی تینوں شعبوں فلم سازوں کی انجمن، تقسیم کاروں کی انجمن اور نمائش کاروں کی انجمن کے درمیان اتحاد کو اہم قرار دیا۔

"کبھی کبھی" ۱۸ اپریل سے

انجمن [illegible] کی رنگین اردو فلم کبھی کبھی [illegible] دونوں سنسر بورڈ نے نمائش کا اجازت نامہ جاری کر دیا ہے۔ مذکورہ فلم اب ۱۸ اپریل سے نمائش کے لیے پیش کی جا رہی ہے۔ اس فلم کے فلم ساز [illegible]

گل نے شوٹنگ کا آغاز

کی وحید مراد اور ممتاز نے مرکزی کردار ادا کیے ہیں۔ [illegible] غلام محی الدین، [illegible] اور اسلم پرویز نمایاں ہیں۔

کمال کی تیسری مزاحیہ فلم!

[illegible] سید کمال کی حیثیت کردیاں تڑن تڑن ڈرما [illegible] کی [illegible] کا [illegible] گزشتہ ہفتے [illegible] ہے۔ [illegible] کمال کی یہ فلم بھی پہلی دو فلموں کی طرح مزاحیہ ہے۔ اداکاروں میں کمال، [illegible] شاہین، [illegible] اور [illegible] نمایاں ہیں۔

رنگیلا کی نئی فلم [illegible]


[illegible]

علی سفیان آفاقی کو صدمہ

[illegible] علی سفیان آفاقی کی والدہ [illegible] انتقال کر گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

[illegible]

پہچان پہ ہے ناز تو پہچان جائیے



کیا آپ اس اداکارہ کا نام بتا سکتے ہیں؟ اس کا نام بتا دیجئے
جس کا اس کے نام میں 'ذ' بھی آتا ہے۔ اگر آپ نے صحیح نام بتا دیا
تو ہم چھ ماہ کیلئے 'چٹا صبر' آپ کو مفت ارسال کرینگے۔ اپنے حل [illegible]
۱۸ اپریل سے پہلے روانہ کریں۔

فلمی وفد کے ممبران بھارت جائیں گے

لاہور ——— فلمی صنعت سے وابستہ ممبران کا ایک وفد آئندہ چند ہفتوں کے دوران بھارت جائے گا۔ ان ممبران کا تعلق صدا بندی اور لیبارٹری کے شعبے سے ہے۔ اس وفد کو دورے کی دعوت بھارت کے خام فلم بنانے والے ادارے نے دی ہے۔ یہ ممبران وہاں جا کر اس خام فلم کے بارے میں مشاہدہ کریں گے۔ جو بھارت میں [illegible] تیار ہوتی ہے اور جس کا تجربہ [illegible] خام فلم کی درآمد پاکستان میں بھی کی جا رہی ہے۔ بھارت جانے والے ممبران کے اس وفد میں جو ممبران شامل ہیں ان میں انور [illegible] اسٹوڈیو کے [illegible]، مسعود اور شوکت گل، باری اسٹوڈیو کے [illegible]، شاہ نور اسٹوڈیو کے [illegible]، ایورنیو اسٹوڈیو کے [illegible] شامل ہیں۔ شوکت گل اس وفد کے قائد ہوں گے۔ خام فلم تیار کرنے کا یہ کارخانہ مدراس کے قریب ہے۔ وفد وہاں جانے کے علاوہ دہلی اور بمبئی بھی جائے گا۔

"ابھی تو میں جوان ہوں"

آخری مراحل میں

فلم ساز و ہدایت کار [illegible] سلیمان اور مصنف [illegible] کی رنگین فلم "ابھی تو میں جوان ہوں" تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہو گئی ہے۔ نمائش جلد متوقع ہے۔ [illegible]

[illegible]

فلمی اداکار اعجاز

کو

سزا جرمانہ

لاہور ——— اداکار اعجاز [illegible]

[illegible]

چوری میرا کام "مکمل ہو گئی"

نمائش جلد ہو گی

ہدایت کار اقبال کاشمیری کی نئی رنگین اردو فلم "چوری میرا کام" جسے کراچی کے [illegible] نے [illegible] کیا ہے گزشتہ ہفتے مکمل ہو گئی ہے۔ ان دنوں اس فلم کی پس پردہ موسیقی کا کام ہو رہا ہے۔ نمائش [illegible] متوقع ہے۔

اس فلم کی موسیقی [illegible] نے ترتیب دی ہے۔ [illegible] نے مرکزی کردار ادا کیے ہیں۔

محمد علی، سلطان راہی، [illegible] شہناز، [illegible] اور [illegible] قریشی اداکاروں میں نمایاں ہیں۔

"کورا کاغذ" ۱۳ مارچ سے

پروڈیوسر [illegible] کی رنگین اردو فلم "کورا کاغذ" ۱۳ مارچ سے نمائش کرنے کی تیاریاں جاری ہیں۔ [illegible]

[illegible]

فلم ٹیلی سرکل کی کنسٹ [illegible]

[illegible]



[illegible]





قوی اور دور نگین فلم "آخری گناہ" میں



اداکارہ شبنم

نیفڈک کے منیجنگ ڈائرکٹر اور اسٹیٹ فلم اتھارٹی کے وائس چیئرمین برطرف کر دیئے گئے

ایک باخبر اطلاع کے مطابق نیشنل فلم ڈویلپمنٹ کارپوریشن نیفڈک کے منیجنگ ڈائرکٹر خواجہ شاہد حسین اور اسٹیٹ فلم اتھارٹی کے وائس چیئرمین ... کو فوری طور پر ان کے عہدوں سے برطرف کر دیا گیا ہے۔ خواجہ شاہد حسین کو برطرفی کے بعد ... کے تحت عمل میں آئی ہے۔ جبکہ اسٹیٹ فلم اتھارٹی کے وائس چیئرمین اسلم اظہر کو ... کے لیے نااہل قرار دے دیا گیا ہے۔ ان پر ... اختیارات کے ناجائز استعمال اور فرائض میں غفلت اور لاپرواہی کے الزامات تھے۔ ان الزامات کی تحقیقات کرائی گئی انہیں صفائی کا موقع بھی دیا گیا لیکن ان کی جانب سے الزامات کا جو جواب موصول ہوا وہ غیر تسلی بخش تھا۔

کیا جائے گا اور اس کام کے لیے انگلینڈ کی مشہور کمپنی رینک (RANK) کی خدمات حاصل کر لی گئی ہیں۔

"بولی اینڈ جولی" کے پیش کار ... ہدایت کار ... ہیں۔ کہانی ارشاد صدیقی کی۔ مکالمے اور نغمات ... کے ہیں جبکہ نغمات کی دلکش دھنیں کریم شہاب الدین نے ترتیب دی ہیں۔

اداکاروں میں ... تنویر ... شاہد ... چودھری ... اور الیاس خان کے نام شامل ہیں۔

"گوگا" کی فلم بندی

فلم ساز و ہدایت کار اسلم ڈار نے پنجابی فلم "گوگا" کے لیے گذشتہ ہفتے ایم اسٹوڈیوز میں دو مختلف سیٹوں پر فلم بندی مکمل کر لی۔ اس فلم بندی میں آسیہ، یوسف خان، حبیب اور ننھا کا کام فلم بند کیا گیا۔ بعد ازاں اس فلم کی عکس بندی شباب اسٹوڈیوز میں کی گئی۔ اسلم ڈار اس فلم کو دو ماہ کے اندر اندر مکمل کرانا چاہتے ہیں۔ "گوگا" کے مصنف اور نغمہ نگار ... ہیں۔ موسیقار ... ہیں۔ اداکاروں میں یوسف خان، آسیہ، ... الیاس کاشمیری، عصمت ... اور مصطفیٰ قریشی کے نام نمایاں ہیں۔ مصطفیٰ قریشی "گوگا" کا ... کردار ادا کر رہے ہیں۔

"ٹھلے خان" جلد پیش کی جائے گی

ایسو پکچرز کی رنگین پنجابی فلم "ٹھلے خان" ... کے مطابق فلم بندی کے مراحل طے کر چکی ہے۔ ... اس فلم کی پس پردہ موسیقی کا کام ... ہو رہا ہے ... فلم کی نمائش بہت جلد متوقع ہے۔

اس فلم کے فلم ساز ایم اشرف رحمان ہیں جبکہ ہدایت کاری کے فرائض نسیم حیدر شاہ نے انجام دیئے ہیں۔ نغمہ نگار خواجہ پرویز کے نغمات کی دھنیں نذیر علی نے موزوں کی ہیں جبکہ ... کے فرائض ... ادا کیے ہیں۔ ... نے تحریر کیا ہے۔ ... اقبال حسن، غزالہ، ... سعید، نادرہ، بہار، افضال، ... شاہ نواز، الیاس کاشمیری، رنگیلا، ادیب، مصطفیٰ قریشی اور سلطان راہی اداکاروں میں نمایاں ہیں۔

"دو نفلگے" کی فلم بندی تیزی سے جاری ہے

... کی دوسری پنجابی پیشکش "دو نفلگے" کے لیے ... سیٹ پر فلم بندی کا کام ۱۸ مارچ سے شروع ... کیا کام تسلی بخش رفتار سے جاری ہے ... اس فلم کی ...

"اب گھر جانے دو" کے تین سیٹ مکمل

... ہدایت کار سعید ڈار کی رنگین اردو فلم "اب گھر جانے دو" تازہ ترین اطلاعات کے مطابق نصف سے زیادہ مکمل ہو چکی ہے۔ گذشتہ دنوں اس فلم کے تین سیٹ مکمل کیے جا چکے ہیں۔ تیسرے سیٹ پر فلم بندی کا کام ... کے لندن سے واپس آنے پر گذشتہ ہفتے کیا گیا۔ فلم بندی میں ... شاہد، رنگیلا، ننھا اور فلم ساز ... نے حصہ لیا۔ اسلم ڈار اس فلم میں ایک انگریز ... کا کردار کر رہے ہیں۔ "اب گھر جانے دو" کے مصنف اور نغمہ نگار ... ہیں۔ موسیقار ... ہیں۔

مذکورہ فلم کو اپریل میں پایۂ تکمیل تک پہنچا دیا جائے گا۔

اب تو آجاؤ کہ گلشن میں بہار آئی ہے (محمد علی، زیبا)

دو پنجابی فلموں "مولا جٹ" اور "اک تول" کی تکمیل کا آغاز

گذشتہ ہفتے دو نئی پنجابی فلموں "مولا جٹ" اور "اک تول" کی ... بسم اللہ کر دی گئی جو بالترتیب باری اسٹوڈیوز اور ... اسٹوڈیوز میں منعقد ہوئیں۔

"مولا جٹ" باری فلمز کارپوریشن کے بینر تلے بنائی جائے گی جبکہ رسم بسم اللہ کے موقع پر گلوکارہ نور جہاں کی آواز میں نغمہ ریکارڈ کیا گیا۔ اس فلم کے فلم ساز ... ہیں، ہدایت کار یونس ملک، مصنف ناصر ادیب اور موسیقار ... ہیں۔ اداکاروں میں آسیہ، مصطفیٰ قریشی، اقبال حسن، چکوری، ... الطاف خان، افضال، ... نادرہ، عشرت چودھری، افضال احمد، ادیب، بہار اور مصطفیٰ قریشی شامل ہیں۔ مرکزی کردار سلطان راہی کے سپرد ہے۔

"اک تول" کی تقریب بسم اللہ کے مہمان خصوصی جناب مرتضیٰ آفتاب تھے۔ جبکہ اس فلم کے فلم ساز میاں احمد علی جوہری ہیں۔ کہانی انور کمال کی ہے جس کے مکالمے ان کے صاحبزادے احمد کمال پاشا تحریر کر رہے ہیں۔ ہدایت کاری کے فرائض جعفر ملک کے سپرد ہیں۔ ... کے نغمات کی دھنیں موسیقار اختر حسین ... ترتیب دے رہے ہیں۔ یوسف خان، ... مصطفیٰ قریشی، مسرت شاہین، خانم، ہمایوں قریشی، ... سلیم ... الیاس کاشمیری، بہار اور ... کاسٹ میں شامل ہیں۔

کے فرائض نذر شباب ادا کر رہے ہیں جبکہ شباب کیرانوی نگرانی کرتے ہیں۔

کیونکہ گذشتہ دنوں دل کے دورے کے بعد ڈاکٹروں نے شباب کیرانوی کو مکمل آرام کرنے کا مشورہ دیا تھا۔

ہدایت کار ... حسین کی پنجابی فلم "پھانسی" کی فلم بندی کا کام تیز رفتاری سے جاری ہے۔ مذکورہ فلم کو جون میں پیش کرنے کے پروگرام پر عمل ہو رہا ہے۔

... اس سیٹ پر اقبال حسن، اجمل، چکوری، بہار اور مصطفیٰ قریشی کا کام فلم بند کیا جائے گا۔ اس سیٹ کے ختم ہونے کے بعد فلم بندی کا چوتھا کام ختم ہو جائے گا۔ اس فلم کے مصنف تنویر احمد ہیں جبکہ ہدایت کار ... موسیقار نذیر علی ہیں۔ "دو نفلگے" کو عطاء اللہ خواجہ اور عتیق اللہ خواجہ مشترکہ طور پر پروڈیوس کر رہے ہیں۔

کاسٹ میں سلطان راہی، مصطفیٰ قریشی مرکزی کرداروں میں ہیں جبکہ اقبال حسن، عثمان پیرزادہ، مسرت شاہین، چکوری، اجمل، جمیل فخری، مسعود اختر، بہار اور ننھا دوسرے بہترین کردار میں معاون اداکاروں میں نمایاں ہیں۔

"انمول محبت" کیلئے نئے گلوکار محمد علی کی آواز میں نغمے کی ریکارڈنگ

شباب پروڈکشنز کی نئی رومانی، نغماتی، رنگین اردو فلم "انمول محبت" کیلئے گذشتہ دنوں موسیقار روبن گھوش نے کراچی کے نئے گلوکار محمد علی کی آواز میں نغمہ نگار ریاض الرحمان ساغر کا نغمہ ریکارڈ کیا۔ جن لوگوں نے محمد علی کی آواز میں اس نغمے کو سنا انہوں نے موسیقار روبن گھوش کی اس دریافت کو سراہا۔ جبکہ روبن گھوش نے کہا کہ محمد علی کی آواز فلمی صنعت کے لیے ایک خوبصورت اضافہ ثابت ہوگی۔ واضح رہے کہ "انمول محبت" کی فلم بندی ...

سلطان راہی نے ایک بار پھر فلم انڈسٹری چھوڑنے کا اعلان کر دیا

پنجابی فلموں کے معتبر و مقبول اداکار سلطان راہی نے گذشتہ دنوں ایک بار پھر فلم انڈسٹری چھوڑنے کا اعلان کیا ہے۔ فلمی دنیا چھوڑنے کی وجہ انہوں نے ... بتائی ہے اور کہا ... فلم ساز میری بیماری کے باوجود مجھ پر کام کا بوجھ لادے جا رہے ہیں۔ میری معاوضے میں اضافے کا ... اختیار ... لیکن فلم ساز پھر بھی میرا پیچھا نہیں چھوڑتے۔ میں بیماری کی حالت میں بھی کام کرنے پر مجبور ہوں۔ فلم سازوں نے مجھے گوشت پوست کے انسان سے مشین بنا کر رکھ دیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ فلم سازوں نے مجھے جن کرداروں میں کاسٹ کیا ہے یا کر رہے ہیں ان میں سے شاید ہی کوئی ایک کردار ایسا ہو جس سے ملک کے عوام کی ذہنی اصلاح ہوئی ہو جبکہ بیشتر کرداروں کا اثر منفی ہوا ہے اور ... نئی نسل کو بے راہ روی کرنے کا ذمہ دار قرار دیا جا رہا ہے۔

واضح رہے کہ فلم انڈسٹری چھوڑنے کا اس قسم کا ایک اعلان سلطان راہی گذشتہ سال بھی کر چکے ہیں لیکن وہ ہنوز فلم انڈسٹری سے وابستہ ہیں اور ... فلموں میں کام کر رہے ہیں جن کے خلاف اپنے جذبات کا اظہار کر چکے ہیں۔



سلطان راہی "پیاسا" میں

"بولی اینڈ جولی" کی شوٹنگ مئی میں مکمل کر لی جائے گی

فلم فیئر ... اسٹوڈیوز کے بینر تلے فلم ساز و ہدایت کار ارشاد سلطان کی اردو رنگین ... فلم "بولی اینڈ جولی" کی ... گذشتہ دنوں ... ان اداکاروں ... کے ساتھ ... اختتام تک ... پیش کر دیا جائے گا۔

فلم ساز و ہدایت کار ارشاد سلطان نے ایک ملاقات کے دوران بتایا کہ "بولی اینڈ جولی" کو ... کرنے کے پروگرام کو آخری شکل دی جا چکی ہے۔ اس فلم کو ... کا ... ساتھ ...



شاہد اور وحیدہ خان "مستورات" میں

کیا میں خزاں رسیدہ گلستان کے ایک سوکھے پیڑ تلے ہی پڑا رہوں گا؟

افسانہ
واپسی

غربت کے ظالم پنجوں نے اس کے بدن سے سارا خون نچوڑ لیا تھا

سے اس فیصلہ پر تمام دوست
شریف میاں حیرت سے چونک اٹھے تھے۔ جیسے سب پر سکتہ طاری ہو گیا ہو۔ اور یار دوستوں کی یہ حالت نظر آ رہی تھی کہ شریف میاں نے شاید کوئی انہونی بات کہہ ڈالی ہے۔ ایک دو دوستوں نے تو اپنے اپنے جسموں پر زور زور سے چٹکی بھی بھری کہ شاید یہ کوئی عالم خواب ہو۔ کیونکہ شریف میاں سے کوئی ایسی بات متوقع ہی نہیں تھی۔ تمام دوستوں کے فرطِ حیرت سے کھلے منہ دیکھ کر شریف میاں نے ایک بار پھر اپنا عزم دہرایا اور تب تمام دوستوں کو یقین آ گیا کہ یہ کوئی خواب نہیں بلکہ ایک کھلی حقیقت ہے۔ اور کانوں نے درست ہی سنا ہے۔

شریف میاں اپنے نام کی طرح شریف اور سیدھے سادھے تھے۔ اور ان کی بسر اوقات کا انحصار ایک چھوٹی سی دکان پر تھا۔ اور آمدنی بس اتنی ہی تھی کہ گھر کی دال روٹی چل رہی تھی تاہم شریف میاں کے چند دوست اس کی دکان پر آ جاتے اور پھر باتوں کا ایک طویل سلسلہ شروع ہو جاتا۔ جو آدھی رات تک طول کھینچتا ہی چلا جاتا۔ ہر کوئی باتوں ہی باتوں میں دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش کرتا اور ثابت کرتا کہ وہ ہر موضوع پر سیر حاصل بحث کر سکتا ہے۔ خوب بحثیں ہوتیں، خوب محفلیں جمتیں اور خوب ہنسی مذاق ہوتا اور پھر جب رات کے سائے گہرے ہونے لگتے اور دلوں کی دھڑکنوں کے ساتھ ساتھ گزرتے لمحوں میں تھکاوٹ اور خاموشی کے قافلے بھی چلنے لگتے۔ تو پھر شریف میاں دکان بند کرنے کا اعلان کرتے اور تمام دوست اپنے اپنے گھروں کی راہ لیتے اور شریف میاں بھی اپنے گھر پہنچ جاتے۔ جہاں ان کی بیوی رضیہ ان کی منتظر ہوتی۔

شریف میاں کے تمام دوست محنت مزدوری کیا کرتے تھے۔ اگر انہیں ہفتہ دو مرتبہ لگاتار مزدوری مل جاتی تو پھر جیسے ان کے وارے نیارے ہو جاتے۔ خوب عیش اڑاتے۔ بات بات پر روپیہ پیسہ اڑاتے۔ خصوصاً ان کی راتیں بڑی رنگین بن جاتی تھیں۔ وہ سب مل کر اس جگہ پہنچ جاتے جہاں گھنگھروؤں کی جھنکار پر روپوں کی بارش ہونے لگتی ہے۔ اور پھر جب ان کے جسم تھک کر ...

[illegible]

میں تم سے بہتر سمجھتا ہوں ہر بات پر جرح مت کیا کرو!

[illegible]

کون کہتا ہے شراب پر پابندی ہے میں نے اس کی آنکھوں میں میخانے جاگتے دیکھے ہیں!

[illegible]

گزشتہ رات کے حسین لمحات کے اوراق کھول دیے گئے اور پھر اپنے اپنے قصے الفاظی رنگوں سے سجا کر سنانے لگے ... اور تب دوستوں کی ان نوازشوں سے مجبور

آئینہ
اوبرائیٹر سوٹنگس کے مالک

[illegible]

ان کے ساتھ بدتمیزی کی۔ اس سے زیادہ افسوس کی بات یہ ہے کہ اس شخص نے اپنے آپ کو اوبرائیٹر سوٹنگس کا ملازم بتلایا۔ میں یہ وضاحت کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ دکھائی والا نام کا کوئی شخص ہمارا ملازم نہیں۔ ہم اپنے گاہکوں کی بہت عزت کرتے ہیں۔ ہمارے گاہک ہی ہماری عزت ہیں۔

شکریہ

ادارہ پیغامیہ اوبرائیٹر سوٹنگس کے مالک کا شکریہ ادا کرتا ہے کہ انہوں نے وضاحت کر دی۔ ضروری سمجھا ۔۔۔ ادارہ پیغامیہ اپنے قارئین کو کسی بھی غلط فہمی میں مبتلا نہیں کرنا چاہتا۔ [illegible]

غزل
اقبال پیرزادہ

باقی ہے مرے دل میں چبھن اب کے برس بھی
موجود ہوں میں اور میرا فن اب کے برس بھی
اس شکل کی ایک دید کی خواہش کے صلے میں
رہ جائے گی آنکھوں میں تھکن اب کے برس بھی
اب کے بھی نہیں کوئی جو سرشارِ جنوں ہو
تکتے ہوئے رہ جائیں گے تن اب کے برس بھی
اس بار بھی اس شخص سے رکھی ہیں امیدیں
آباد ہے اس دل کی جلن اب کے برس بھی
ہیں ہجر کے ماروں پہ وہی رسم کے پہرے
ترسائیں گے بے چین بدن اب کے برس بھی
یہ سوچ کے چپ ہیں مری بستی کے سخنور
کس نام کریں حرفِ سخن اب کے برس بھی

غزل

دیکھو یہ دردِ ہجر بھی کیا کام کر گیا
میں خود ہی اپنے جسم کے اندر بکھر گیا
یادوں کی تیز دھوپ میں سایہ کہیں نہ تھا
میں آتشِ فراق میں جل کر بکھر گیا
زندہ تھا میری آنکھ میں مدت سے ایک خواب
کل رات اتفاق سے وہ خواب مر گیا
اب میری چاہتوں میں بھی خوشبو نہیں رہی
تیری وفا سے آج وہ رنگ اتر گیا
تجھ سے جدا ہوئے تو کئی سال ہو گئے
یہ زہر میری روح کے اندر اتر گیا
چہرے پہ یوں لکھا تھا تمنا کا مرثیہ
میں آئینے میں اپنی ہی صورت سے ڈر گیا

پیغامیہ پڑھیے اور تنقید کیجیے۔ ہم نقاد کی قدر کرتے ہیں۔ آپ کی تنقید ہماری کامیابی ہے۔

تمہیں کیا ملا

— سلمیٰ مبین —

آج میرا بیاہ ہوا ہے ...

[illegible]

دور دیس سے

سب رنگ

بھرم کی حفاظت

وہ ایک خوش پوش نوجوان تھا ...

[illegible]

تبدیلی

[illegible]

کس KISS.

ایک برطانوی ممبر پارلیمنٹ جب بھی پارلیمنٹ میں تقریر کرتے تو وزیر انگریزی کا ایک لفظ (Kiss) جس کے معنی بوسہ ہی لکھا جاتا تھا۔ ایک بار دوسرے ممبر پارلیمنٹ نے ان سے پوچھا:

کیا یہ رقعہ اتنا ضروری ہے؟

تو پہلے ممبر پارلیمنٹ نے وہ رقعہ دوسرے کو دے دیا۔ اس پر کس لکھا تھا دوسرے ممبر پارلیمنٹ نے پڑھ کے کہا۔

یار تمہاری تحریر بڑی رومانی ہے!

[illegible]

ایک دفعہ اس کا انتظار بھی ختم ہو گیا۔ اس نے بڑی بے تابی سے خط کھولا جس میں لکھا تھا۔

تانی ڈیئر جیسا تمہارا ہر تحفہ خواہ وہ کیسا بھی ہو مجھے جان سے زیادہ عزیز ہے۔ جو اگر میری سمجھ میں نہیں آتا کہ ٹوٹے ہوئے گلدان کے دونوں ٹکڑے تم نے الگ الگ کیوں پارسل کیے؟

تمہاری لی!

خواجہ ندیم عطا

۱۲۔ ماڈل ٹاؤن۔ سیالکوٹ

پریشانی

[illegible]

تمہارا ہر تحفہ مجھے جان سے زیادہ عزیز ہے لیکن ٹوٹے ہوئے گلدان کے دونوں ٹکڑے تم نے الگ الگ کیوں پارسل کیے؟



غزل

[illegible]

ماضی اور کھوئی ہوئی چیز کا احساس کرنا نادانی ہے

[illegible]

اقوال زریں

۱۔ ماضی اور کھوئی ہوئی چیز کا احساس کرنا نادانی ہے۔
۲۔ طلب علم شرم نہیں کیونکہ جہالت شرم سے بدتر ہے۔
۳۔ مقدس ترین محبت وہ ہے جو خلوص پر استوار ہو۔
۴۔ جس کے پاس ہمت ہے اس کے پاس امید ہے۔
۵۔ سب لوگوں سے محبت کرو مگر بھروسہ کم پر کرو۔
۶۔ اگر زندہ رہنا چاہیے تو تو ہر دانشمند کا جذبہ پیدا کرو۔

شکیل انجم۔ مرزا حفیظ ۔ [illegible]

کیچڑ

[illegible]

غزل

[illegible]

پوسٹ بکس ۲۸۹ ۔ [illegible]

رشوت ستانی اور بدعنوانیوں کو اب برداشت نہیں کیا جائیگا

جمہوری حکومت آزادانہ انتخابات کرانے کا پختہ عزم کر چکی ہے۔ جنرل اقبال

